[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965

WHEREAS it is expedient further to amend the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 (W.P Ordinance XIX of 1965), in its application to the Islamabad Capital Territory, for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

Short title and commencement.- (1) This Act may be called the Provincial Motor Vehicles (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Substitution of section 73, W.P Ordinance XIX of 1965.-** In the Provincial Motor Vehicles Ordinance, 1965 (W.P Ordinance XIX of 1965), for section 73, the following shall be substituted, namely:-

> "73. **General provisions regarding construction, safety and maintenance.-** (1) Every motor vehicle shall be equipped with latest safety gears, which include inflatable front and side impact airbags safety belt and antilock brakes.
>
> (2) Every motor vehicle shall be so constructed and so maintained as to be at all times under the effective control of the person driving the vehicle."

STATEMENT OF OBJECT AND REASONS

Pakistan's automobile industry is fastest growing in Asia. It contributes (2.8%) to its GDP and 30 billion rupees to the national exchequer in terms of taxes and duties. The Government is about to introduce new automotive development policy for the years 2022-2026 soon. Therefore, to ensure safety of driver and passengers of the vehicle, lifesaving measures have to be taken for the automotive industry and only vehicles equipped with better safety gears and at least four, front and side airbags should be permitted on the roads . Hence, this Bill is proposed.

Sd/-

Mr. Alamgir Khan,
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء (مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۱۹ بابت ۱۹۶۵ء) میں اس کے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر اطلاق کی بابت مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا صوبائی موٹر گاڑیاں (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۱۹ بابت ۱۹۶۵ء، دفعہ ۳۷ کی تبدیلی:** صوبائی موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ء (مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۱۹ بابت ۱۹۶۵ء) میں، دفعہ ۳۷ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۷۔ **تیاری، تحفظ اور دیکھ بھال سے متعلق عمومی سہولیات۔** (۱) ہر موٹر گاڑی جدید ترین حفاظتی لوازمات سے لیس ہوگی جس میں سامنے اور اطراف سے تصادم کی صورت میں کام کرنے والے ہوا تھیلے، حفاظتی بند اور اینٹی لاک بریکیں شامل ہوں گی۔

(۲) ہر موٹر گاڑی کو اس طرح سے تیار اور اس کی اس طرح دیکھ بھال کی جائے گی کہ وہ ہر وقت گاڑی چلانے والے کے مؤثر کنٹرول میں رہے۔"

بیان اغراض و وجوہ

پاکستان کی موٹر گاڑیوں کی صنعت ایشیاء میں تیزی سے ترقی کرنے والی صنعت ہے۔ اس کا عمومی ملکی پیداوار (جی ڈی پی) میں (2.8 فیصد) حصہ ہے اور قومی خزانے کو محصولات اور ڈیوٹیز کی مد میں ۱۳۰ ارب روپے بہم پہنچاتی ہے۔ حکومت جلد ہی ۲۰۲۶-۲۰۲۲ء کے سالوں کے لئے موٹر گاڑیوں کی تیاری کی نئی پالیسی متعارف کرانے والی ہے۔ لہٰذا گاڑی کے ڈرائیور اور مسافروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے، موٹر گاڑیوں کی صنعت کے حوالے سے زندگی کے تحفظ کے اقدامات کرنا ہوں گے اور صرف ایسی موٹر گاڑیوں جو بہتر حفاظتی لوازمات اور سامنے اور اطراف سے تصادم کی صورت میں کام کرنے والے کم از کم چار ہوا تھیلوں سے لیس ہوں کو سڑکوں پر چلانے کی اجازت ہونی چاہیے۔ لہٰذا یہ بل تجویز کیا جاتا ہے۔

دستخط/-

جناب عالمگیر خان

رکن، قومی اسمبلی۔